ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

ماڈل پیپر اردو جماعت چہارم

مقررہ وقت : 20 منٹ

نام: ____________ **فریق:** ____________

تاریخ: ____________ **دستخط نگران**

امتحان: ____________

حصہ اول

سوال نمبر 1: دیے گئے سوالات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (10)

نمبر شمار	سوال	الف	ب	ج	د
i.	نظم نعت کے شاعر کا نام کیا ہے؟	ماہر القادری	طاہر القادری	علامہ اقبال	فیض
ii.	دستگیر کا معنی ہے۔	طلب گار	عدد	مدد گار	تعداد
iii.	حضورؐ پر نازل ہونے والی پہلی وحی کا پہلا لفظ کیا تھا؟	اقرا	رَبِّکَ	باسمک	فضلکَ
iv.	حکمت کا معنی ہے۔	رعنائی	دانائی	جدائی	مہربانی
v.	جراثیم نظر آتے ہیں۔	آنکھ سے	عینک سے	خردبین سے	دُوربین سے
vi.	"سر سید احمد خان نے علی گڑھ کی بنیاد رکھی۔" اس جملے میں سر سید احمد خان قواعد کی رو سے کیا ہے؟	اسم نکرہ	اسم معرفہ	مصدر	مشتق
vii.	خط ملاقات ہے۔	آدھی	پوری	طویل	مختصر
viii.	مذکر مؤنث کی کتنی اقسام ہیں؟	ایک	دو	چار	پانچ
ix.	جانداروں کی تذکیر و تانیث کہلاتی ہے۔	غیر حقیقی	عارضی	حقیقی	مجازی
x.	ایسا لفظ جو کسی لفظ کے شروع میں لگا دینے سے اس کا معنی تبدیل ہو جائے، اُسے کیا کہتے ہیں؟	اضافی	لاحقہ	مرکب	سابقہ

ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

ماڈل پیپر اردو جماعت چہارم

مقررہ وقت: 1 گھنٹہ، 40 منٹ | **کل نمبر: 50**

حصہ دوم کل نمبر (30)

سوال نمبر 2: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

14 اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر پاکستان کے نام سے ایک نیا ملک وجود میں آیا۔ ایک طویل جدوجہد کے بعد برصغیر کے مسلمانوں نے اس روز انگریزوں سے آزادی حاصل کی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری تاریخ میں 14 اگست کا دن بہت اہمیت رکھتا ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ مسلسل کوشش اور باہمی اتحاد ہی سے مشکلات پر قابو پایا جاسکتا ہے اور اپنے مقصد کو حاصل کیا جاسکتا ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں نے قیام پاکستان کے لیے جان و مال کی قربانیاں دیں۔ انہوں نے اپنی جائیدادیں، کاروبار پاکستان کی خاطر چھوڑے۔ ان قربانیوں کا مقصد ایک ایسا ملک بنانا تھا جہاں مسلمان اسلامی اصولوں کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ 14 اگست کی خوشیاں مناتے ہوئے ہمیں آزادی کا اصل مقصد ذہن میں رکھنا چاہیے۔

سوالات:

i. 14 اگست کو ہماری تاریخ میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

ii. پاکستان بنانے کا مقصد کیا تھا؟

iii. جشنِ آزادی مناتے ہوئے ہمیں کون سی بات ذہن میں رکھنی چاہیے؟

iv. قیامِ پاکستان کے لیے مسلمانوں نے کیا کیا قربانیاں دیں؟

v. اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ **یا** اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔

سوال نمبر 3:

(الف) اشعار کو غور سے پڑھنے کے بعد سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (5)

i. جو بات مجھ میں ہے تجھ کو وہ نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں، جانور غریب کہاں

ii. جاں بازوں کی اولاد ہیں ہم
اب غیروں سے آزد ہیں ہم

iii. سلام اس پر جس نے بے کسوں کی دست گیری کی
سلام اس پر کہ جس نے بادشاہی میں فقیری کی

سوالات:

i. پہاڑ نے گلہری کے سامنے اپنی کیا بڑائی بیان کی؟ بحوالہ شعر (i) (1.5)

ii. 'اب غیروں سے آزاد ہیں ہم' اس مصرعے کا مطلب لکھیں۔ بحوالہ شعر (ii) (1.5)

iii. بے کسوں کی دست گیری سے کیا مراد ہے؟ بحوالہ شعر (iii) (2)

(ب) قواعد (5)

i. مذکر مونث حقیقی کی تعریف مع امثال لکھیں۔ (2)

ii. مذکر کے مونث لکھیں۔ ہمسایہ ، لڑکا (1)

iii. محاورہ کا جملہ بنائیں۔ شیر وشکر (1)

iv. قواعد کی رو سے کیا ہیں؟ قائداعظم ، گھر (1)

(ج) نظم "حمد" کا مرکزی خیال لکھیں۔ (5)

(د) دیئے ہوئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ (3)

خاک میں ملانا، جان میں جان آنا، چکا چوند ہونا

(ڈ) درج ذیل جملوں میں امر و نہی کی نشاندہی کریں۔ (2)

کمرے میں شور مت کرو۔ دروازہ بند کرو۔

حصہ سوئم کل نمبر (20)

سوال نمبر 4: عنوان "نیکی کا بدلہ" کے تحت کہانی لکھیں۔ (5)

سوال نمبر 5: پرنسپل صاحب کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیں۔ یا ماموں کے نام تحفے کے شکریے کا خط لکھیں۔ (5)

سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک موضوع پر دیئے گئے اشارات کی مدد سے مضمون لکھیں۔ (10)

خدمت میں عظمت

i- خدمت کی اہمیت ii- والدین کی خدمت iii- کامیابی کا معیار iv- معاشرتی سطح پر برائیوں کا سدباب v- حاصلِ بحث

یا

پسندیدہ مشغلہ

i- مشاغل کی اہمیت ii- آج کل کون سے مشاغل زیادہ مقبول ہیں؟ iii- پسندیدہ مشغلہ iv- ہماری زندگی پر مشاغل کے اثرات v- حاصلِ بحث